© rasailojaraid.com

مضامین قرآن، مخاطبین قرآن، مشرکین، منافقین، شرک کی اقسام، توحید اور اقسامِ توحید، عبادات کی اقسام اور سورتوں کے باہمی ربط پر مختصراً اظہار خیال کیا ہے۔

زیر تبصرہ کتاب اپنے موضوع پر اچھی کتاب ہے، مگر اختصار کی وجہ سے قارئین تشنگی محسوس کریں گے۔ حیرت کی بات ہے کہ کمپوزنگ کی غلطیوں کی بھرمار ہے، ایسا لگتا ہے کہ پروف ریڈنگ کی نوبت ہی نہیں آئی اور کتاب چھپ گئی ہے۔

## (۵)

نام کتاب : افکارِ علوی

مصنف : مولانا سعید الرحمٰن علوی

صفحات: ۲۰۷ قیمت: ۲۰۰ روپے

ملنے کا پتہ: الفیصل ناشران، غزنی سٹریٹ، اردو بازار لاہور

مولانا سعید الرحمٰن علوی مرحوم ومغفور معروف عالم دین تھے۔ کئی کتابوں کے مصنف اور مترجم تھے۔ درس و تدریس اور خطابت میں زندگی گزاری۔ لاہور سے شائع ہونے والے مشہور اور ہر دل عزیز ہفت روزہ ''خدام الدین'' کے سالہا سال ایڈیٹر رہے۔ ''افکارِ علوی'' مولانا سعید الرحمٰن کی اُن تقاریر کا مجموعہ ہے جو ریڈیو پاکستان سے ''حی علی الفلاح'' پروگرام میں نشر ہوتی رہیں۔ یہ کتاب چھ ابواب پر مشتمل ہے۔ ہر باب میں عنوان سے متعلقہ تقاریر درج کی گئی ہیں۔ ابواب کے عنوان اس طرح ہیں:

(۱) قرآنیات، تفسیر اور فقہ

(۲) سیرتِ نبویؐ اور تذکرۂ صحابہ رضی اللہ عنہم

(۳) تصوف وسلوک

(۴) عبادات، اخلاقیات، معاملات اور حقوق العباد

(۵) اکابر کا عشق نبویؐ

(۶) تحصیل علم، عدل واحسان اور راہ اعتدال

تمام تقاریر ٹھوس اسلامی تعلیمات پر مشتمل اور پر اثر ہیں۔ مولانا سعید الرحمٰن علویؒ کی وفات کے بعد یہ تقاریر اُن کے عزیز عزیز الرحمٰن خورشید نے مرتب کر کے شائع کی ہیں۔ کمپوزنگ اور پروف ریڈنگ میں سنجیدگی اور احتیاط سے کام نہیں لیا گیا۔ اغلاط کی اصلاح ضروری ہے۔



© rasailojaraid.com